پریس ریلیز

گوجرانوالہ 08 جون 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستانی بزنس کمیونٹی اور عوام آج حکومت کی طرف سے پیش کئے جانے مالی بجٹ پر نظر لگائے بیٹھی ہے کہ بجٹ عوام اور بزنس دوست بجٹ ہوگا۔ انہوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ ملک میں بے روزگاری اور مہنگائی خطرناک حد تک پہنچ چکی ہے کاروباری حالات روزانہ کی بنیاد پر بتری کی طرف جا رہے ہیں۔ مشکل ترین حالات میں بزنس کمیونٹی اور عوام منتظر ہے کہ حکومت تمام مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یادگاری ریلیف فراہم کرے۔

بزنس کمیونٹی کو مزید ٹیکس نہ لگائے جائیں کیونکہ تاجر طبقہ میں ٹیکسز کا مزید بوجھ برداشت کرنے کی سکت نہیں۔ چیمبرز سے جو بھی بجٹ پروپوزلز تیار کرے حکومت کو ارسال کی گئی ہیں امید ہے کہ حکومت ان تجاویز کو مدنظر رکھتے ہوئے بجٹ پیش کریگا۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر تمام سیاسی جماعتیں میثاق معیشت کی طرف پیشرفت کریں جس میں پاکستان کو قرضوں کی دلدل سے نکالنے کے نکات بھی شامل ہونے چاہیئے اور آئندہ قرض کے حصول کیلئے بھی ایک ضابطہ اخلاق طے کیا جائے کہ کن ناگزیر حالات میں قرض حاصل کیا جاسکے گا۔